## ایم کیوایم کے تحت سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے کراچی، حیدرآباد، اندرون سندھ سمیت ملک بھر میں نماز استغفار ادا کی گئیں
## سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے خشوع وخضوع کے ساتھ دعائیں کی گئیں

کراچی۔۔۔14، اگست 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر قیامت خیز سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، صوبہ خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں نماز استغفار ادا کی گئیں اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے خشوع وخضوع کے ساتھ دعائیں کی گئیں۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا جہاں مولانا تنویرالحق تھانوی نے نماز استغفار پڑھائی۔ نماز استغفار میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، ایم کیوایم کے مختلف ونگز کے اراکین، سیکٹر و یونٹوں کے کارکنان، ہمدردوں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات، متاثرین کے تحفظ اور دوبارہ آبادکاری، گناہوں معافی، رحمت کے نزول، غیب سے مدد، سیلاب میں جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت، زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ کراچی کی طرح ایم کیوایم حیدرآباد، میرپور خاص، سکھر، نواب شاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹھہ، نوشہروفیروز، بدین لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہدادکوٹ، کشمور، جیکب آباد کے زونل دفاتر، صوبہ پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں بھی ایم کیوایم کے دفاتر پر نماز استغفار ادا کی گئیں جن میں مقامی ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

## سیاست کے میدان میں کسی بھی سیاسی جماعت نے الطاف حسین جیسا عمل اختیار کیا نہیں اس پر میں مناظرہ کیلئے تیار ہوں، مولانا تنویرالحق تھانوی

کراچی۔۔۔14، اگست 2010ء

ممتاز عالم دین مولانا تنویرالحق تھانوی نے کہا ہے کہ سیاست کے میدان میں کسی بھی سیاسی جماعت نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم جیسا عمل اختیار نہیں کیا اس بات پر میں کسی سے بھی مناظرہ کرنے کو تیار ہوں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کی شام لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ نماز استغفار کے اجتماع میں دعا کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے شروع دن سے ہی سیاست برائے خدمت کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے اور اس کا ثبوت ملک میں سیلاب زدگان کی عملی خدمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی اپیل پر نماز استغفار کراچی سمیت ملک بھر میں ادا کی گئیں جن میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام نے شرکت کی اور یہ اجتماعات ملک میں تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین وطن سے دوری کے باوجود ملک میں سیلاب زدگان کیلئے فکرمند ہیں اور ان کی اپیل پر ملک بھر میں کارکنان وعوام نے نماز استغفار ادا کیں اور انشاءاللہ ان نمازوں کو اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرمائے گا اور ملک وقوم پر اپنی رحمتوں نازل فرمائے گا۔

## ایم کیوایم کے تحت شاہ فیصل مسجد اسلام آباد میں باجماعت نماز استغفار ادا کی گئی

اسلام آباد۔۔۔14، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیوایم) کے قائد الطاف حسین کی اپیل پر ملک بھر کی طرح فیصل مسجد اسلام آباد میں نماز استغفار ادا کی گئی اور اللہ تعالی سے سیلاب کی مصیبت اور دیگر مسائل سے نجات، مصیبت زدہ لوگوں کی جلد بحالی، عوام کے مصائب کے حل اور پاکستان کے استحکام، سربلندی اور خوشحالی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔ ہفتہ کو ظہر کی نماز کے بعد ایم کیوایم کے سینئر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ کی امامت میں دو رکعت نماز استغفار فیصل مسجد کے صحن میں ادا کی گئی جس میں ایم کیوایم کے راولپنڈی زون کے انچارج زاہد محمود ملک، جوائنٹ انچارج کیپٹن (ر) رحیم شاہ، جوائنٹ انچارج منصور بن مختار، سیکریٹری اطلاعات گل اخلاق حسین، زونل کمیٹی کے ارکان، راولپنڈی اسلام آباد کے ذمہ داران، کارکنان کے علاوہ بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ دعا کراتے ہوئے زاروقطار روتے رہے اور اللہ تعالی سے رحم کی التجا کی اور تمام پاکستانیوں کی جانب سے گناہوں کی

معافی مانگی۔اس موقع پر سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ نے کہا کہ سیلاب ایک بہت بڑی آفت کی صورت میں پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے۔ملک کے طول وعرض میں ہمارے بھائی، بہنیں، بچے، نوجوان اور بوڑھے سیلابی پانی میں گھرے ہوئے اور مدد کے طالب ہیں۔اس نازک اور مشکل گھڑی میں ہم سب کی دینی، ملی، قومی اور انسانی ذمہ داری ہے کہ ہم سب مل کر اپنے مصیبت زدہ ہم وطنوں کی مدد کے لئے دل کھول کر عطیات دیں اور پورے خلوص سے ان کی بحالی اور اپنے گھروں میں دوبارہ آباد ہونے کے عمل میں ہر ممکن کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے نماز استغفار کی جو اپیل کی ہے، وہ لائق تحسین ہے اور ہم سب کو اپنے اعمال پر توبہ تائب ہو کر اللہ تعالیٰ سے رحمت کی التجا کرنی چاہئیے۔ایم کیوایم روالپنڈی زون کے انچارج زاہد ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک بھر میں نماز استغفار ادا کرنے کی اپیل کی تھی جس پر ملک بھر کی طرح راولپنڈی اور اسلام آباد سے تحریکی ذمہ داران، کارکنوں اور عام لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ہمارا اولین مقصد اور کوشش سیلاب زدہ لوگوں کی مدد ہونا چاہئیے اور اس مقصد کے حصول میں ہمیں دیگر ہر قسم کی سوچ سے خود کو الگ رکھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ کے متاثرہ علاقوں میں متاثرین کی دیکھ بحال اور ان کی مدد کے علاوہ خوراک کی فراہمی میں مصروف عمل ہے۔مختلف کیمپ قائم کئے گئے اور 10 ہزار سے زائد کارکن میدان عمل میں کام کررہے ہیں اور پشتوں کی حفاظت کے لئے بھی اپنی مدد آپ کے تحت سرگرم عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں بھی کوٹ ادو میں کیمپ قائم کیا گیا ہے جو سیلاب زدگان کی مدد کررہا ہے جبکہ دیگر شہروں میں بھی امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔راولپنڈی اور اسلام آباد میں دو، دو امدادی کیمپ لگائے گئے ہیں جو سیلاب زدگان کے لئے عطیات اور امدادی سامان جمع کررہے ہیں۔زاہد ملک نے کہا کہ آنے والے دنوں میں اس ضمن میں مزید کوششیں سامنے آئیں گی۔

**خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کشمور میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بڑی کھیپ بذریعہ ٹرین سکھر پہنچ گئی**

**سکھر اسٹیشن پر امدادی سامان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندوں اور دیگر ذمہ داران نے وصول کی**

**سکھر سے ٹرکوں کے ذریعے امدادی سامان کشمور اور ملحقہ علاقوں میں سیلاب زدگان میں تقسیم کیلئے روانہ کردیا گیا**

**قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم سیلاب زدگان بھائیوں کی امداد کیلئے بھرپور انداز میں کام کررہی ہے**

**سکھر بیراج کے دورے کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد، اشفاق منگی اور دیگر ذمہ داران کی گفتگو**

سکھر۔۔۔14، اگست 2010ء

جمعرات کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے اندرون سندھ کے شہر کشمور میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بذریعہ ٹرین روانہ کیا جانے والا امدادی سامان جمعہ کی صبح سکھر پہنچ گیا امدادی سامان میں بھاری مقدار میں غذائی اجناس آٹا، چاول، مختلف اقسام کی دالیں، دلیہ، گھی، کھانے کا تیل، شکر، چائے کی پتی، نمک، مصالحہ جات، خشک دودھ، بسکٹ، پینے کا صاف پانی (منرل واٹر) اور جان بچانے کی ادویات، ویکسین، مرہم پٹی کا سامان اور روزمرہ استعمال کی اشیاء صابن، برتن، ماچس، موم بتی، ملبوسات، چادریں، کمبل، سلے سلائے ملبوسات، تولیہ، کمبل، رضائیاں اور چادروں کے علاوہ دیگر امدادی اشیاء وغیرہ شامل ہیں۔امدادی سامان کی کھیپ سکھر اسٹیشن پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اشفاق منگی اور حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے وصول کی۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی وارا کین آئی ایس ٹی سی کے ڈاکٹر عنایت سومرو، حبیب بلیدی، ریاض احمد، آفتاب سومرو اور سکھر زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین بھی موجود تھے۔بذریعہ ٹرین سکھر پہنچنے والی امدادی کھیپ سکھر سے کشمور اور ملحقہ علاقوں میں سیلاب زدگان میں تقسیم کیلئے حق پرست صوبائی مشیر غلام حیدر راہو، حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی عارف مسیح اور رکن اندرون سندھ تنظیمی آفتاب سومرو ٹرکوں کے ذریعے کشمور لیکر روانہ ہوگئے اور جہاں یہ سامان کشمور اور ملحقہ علاقوں کے سیلاب زدگان میں تقسیم کیا جائے گا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد، رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی، صوبائی وزیر عبدالحسیب، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی وارا کین آئی ایس ٹی سی عنایت سومرو، حبیب بلیدی، ریاض احمد، آفتاب سومرو اور سکھر زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین کے ہمراہ سکھر بیراج کا دورہ کیا اور متعلقہ محکمے کے افسران سے معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر افسران نے بتایا کہ سکھر بیراج پر پانی کی صورتحال تسلی بخش ہے پانی پہلے کی نسبت اب کم ہوا ہے اور شروع میں پانی کی آمد بہت زیادہ تھی تاہم اب اس میں وقت کے ساتھ ساتھ کمی ہوتی جارہی ہے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے متعلقہ محکمے کے افسران کو ہدایت کی وہ کسی بھی ممکنہ خطرے کے پیش نظر خود کو ہمہ وقت تیار رکھیں اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے حفاظتی پشتوں کا پورا خیال رکھیں اور عوام سے مکمل تعاون کریں۔انہوں نے سکھر بیراج پر عوام سے ملاقات کی اور اس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ کسی خوف کا ہرگز شکار نہ ہوں قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم سیلاب زدگان کی بھرپور انداز میں مدد کررہی ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان ہمہ وقت عوام کے درمیان

رہ کر پشتوں کی حفاظتی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیلاب نے توقع سے زیادہ تباہی مچائی ہے تاہم مزید علاقوں کو زیرآب آنے سے بچانے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ہر ممکن کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے تیار ہے۔اس موقع پر عوام نے ایم کیوایم کی سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد اور ریلیف کے کاموں کو سراہا اور قائد تحریک الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا اور ان کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## پاکستان کے 64ویں یوم آزادی کے موقع پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قومی پرچم لہرایا گیا
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے پرچم کشائی کی،ملک کے استحکام،سلامتی اور ترقی وخوشحالی کیلئے دعائیں کیں

کراچی۔۔۔14،اگست 2010ء

پاکستان کے 64ویں یوم آزادی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر قومی پرچم لہرایا گیا اور ملک کے استحکام اور سلامتی کیلئے دعا کی گئی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ اور سید شاکر علی نے پرچم کشائی کی۔اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی ،ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ارکان بھی موجود تھے۔ بعدازاں اجتماعی دعا کرائی گئی جس میں تحریک پاکستان کے شہداء،سیلاب سے جاں بحق ہونے والوں کی مغفرت،حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید اور تحریک کے تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات،دہشت گردی کے خاتمے اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت سیلاب سے بچاؤ اور متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کا 10واں دن
## دریائے سندھ بچاؤ بند پر قائم کئے گئے فلڈ مانیٹرنگ کیمپس پر 10ہزار کارکنان پشتوں کو مضبوط کرنے میں مصروف ہیں
## رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر اور رضا ہارون نے بچاؤ بند کا دورہ کیا،سرگرمیوں مصروف کارکنان کو شاباش دی

حیدرآباد۔۔۔14،اگست 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ملک بھر کی طرح حیدرآباد میں بھی ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب سے بچاؤ اور متاثرین کی امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔اس سلسلے میں ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت دریائے سندھ کے بچاؤ بند پر بھانوٹ،طالب مولیٰ کالونی،سحرش نگر،قاسم آباد،حسین آباد،لطیف آباد نمبر 11,10,5,4 اور پنھور گوٹھ کے مقامات پر قائم کئے جانے والے فلڈ مانیٹرنگ کیمپس پر ایم کیوایم کے تقریباً 10ہزار سے زائد کارکنان دن رات بچاؤ بند کے پشتوں کو مضبوط کرنے میں مصروف ہیں اور بچاؤ بند کے پشتوں کو مضبوط کرنے کا کام تیزی سے جاری رکھنے کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان شفٹوں میں کام انجام دے رہے ہیں۔اس سلسلے میں کارکنان کی جانب سے اب تک پتھروں کے سینکڑوں ٹرک اور ہزاروں مٹی کے بیگز بند کے پشتوں کو مضبوط کرنے کیلئے لگائے جاچکے ہیں اور گزشتہ 10 روز سے کارکنان بند پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر اور رضا ہارون نے دریائے سندھ کے بچاؤ بند کا دورہ کیا اور یہاں سیلاب سے بچاؤ کی سرگرمیوں میں مصروف ہزاروں کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اور ان کے جذبہ خدمت کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن خالد بگھیو،ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف،اراکین زونل کمیٹی صابر قریشی،ڈاکٹر طاہر،ڈاکٹر افضال احمد،خالد حسین،صلاح الدین،راشد خلجی،فیروز خانزادہ،حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان ،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی صلاح الدین،سید طیب حسین،اکرم عادل اور وسیم حسین بھی موجود تھے۔اس دوران سیلاب سے حفاظتی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان وحق پرست عوام سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے کسی بھی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر مختلف مقامات پر 50سے زائد ریلیف کیمپ بھی قائم کئے گئے ہیں اور ان کیمپوں پر متاثرین کے کھانے پینے کے انتظامات کے علاوہ وافر مقدار میں طبی سہولیات کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر جہاں متوقع سیلاب سے بچاؤ کیلئے ایم کیوایم اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے احتیاطی تدابیر کی جارہی ہیں وہیں ملک بھر میں ایم کیوایم اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی بھرپور امداد کیلئے سرگرمیاں بھی جاری ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین،متحدہ قومی موومنٹ اور اس کا ایک ایک کارکن اپنے سیلاب زدگان کے دکھ،درد اور تکلیف کو نہ صرف محسوس کررہے ہیں بلکہ ان کی عملی خدمت بھی انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زونل آفس پر مرکزی امدادی کیمپ قائم کیا گیا ہے اور شہر کے مختلف علاقوں میں بھی امدادی کیمپس لگائے گئے ہیں جہاں مخیّر حضرات اور عوام سے متاثرین سیلاب کی امداد کیلئے امدادی سامان اور عطیات وصول کئے جارہے ہیں اور انہیں متاثرین تک پہنچایا بھی جارہا ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک کے ہمراہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی اور حکومتی وزیر محمد طاہر کھوکھر نے وزارت کا حلف اٹھانے کے بعد شہداء قبرستان اور یادگار شہدائے حق پر حاضری دی

## طاہر کھوکھر نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے تعزیت بھی کی

کراچی۔۔۔14، اگست 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک کے ہمراہ گزشتہ روز آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی اور حکومتی وزیر محمد طاہر کھوکھر نے وزارت کا حلف اٹھانے کے بعد یسین آباد کے شہداء قبرستان اور جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی گئی ''یادگار شہدائے حق'' پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔انہوں نے حق پرست شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔ بعدازاں محمد طاہر کھوکھر نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کی رہائشگا جا کر سوگواران سے ملاقات کی اوران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے انہوں نے سید رضا حیدر شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں ریلیف کیمپوں کا قیام

کراچی۔۔۔14، اگست 2010ء

سیلاب زدگان کی بھرپور امداد کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی، حیدرآباد سمیت ملک بھر میں قائم کئے گئے امدادی کیمپوں پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عوام ومخیّر حضرات نے بڑی تعداد میں پہنچ کر امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرائیں۔تفصیلات کے مطابق کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں قائم کئے گئے مرکزی امدادی کیمپ پر نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں امدادی سامان اور نقد عطیات جمع کرائے جبکہ بچوں نے بھی سیلاب زدگان کی امداد کے جذبے کے پیش نظر اپنی پاکٹ منی سے عطیات دیئے۔کراچی کی طرح حیدرآباد اور ملک بھر میں قائم ایم کیوایم کے امدادی کیمپوں پر پہنچ کر لوگوں کی بڑی تعداد نے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان اور نقد رقوم جمع کرائیں جنہیں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے شکریہ کے ساتھ وصول کیا اور امدادی سامان اور نقد عطیات جمع کرانے والوں کے جذبے کو سراہا۔ ایم کیوایم کے تحت قائم کئے گئے امدادی کیمپوں سے متاثرین کی امداد کا کام تسلسل کے ساتھ جاری ہے اس سلسلے میں اب کئی امدادی سامان سے لدے ٹرک اور کنٹینرز متاثرین سیلاب کیلئے روانہ کئے جاچکے ہیں۔امدادی کیمپوں پر عطیات جمع کرانے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیاں مثالی ہیں اوراس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایم کیوایم ایک فلاحی تنظیم ہے جس کے کارکنان مصیبت زدہ عوام کی عملی خدمت کیلئے مصروف رہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی آزاد کشمیر اور صوبہ خیبر پختونخواہ میں آنے والے زلزلے، تھر اور بلوچستان میں قحط سالی کے دوران ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیوں نے ثابت کردیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اوراس کی سیاست کا مقصد بھی سیاست برائے خدمت ہی ہے۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان کا کنٹینرسکھر اور کشمور کے سیلاب زدگان کیلئے روانہ کردیا

## امدادی سامان میں 5 ٹن آٹا، 4 ٹن چاول، 500 کلو چینی، 2 ٹن دالیں اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں

کراچی۔۔۔14، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور گلفراز خان خٹک نے لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان کا کنٹینر کشمور اور سکھر کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے روانہ کردیا ہے۔ یہ کنٹینر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گزشتہ شب خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع کراچی سے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔امدادی سامان کے کنٹینر میں 5 ٹن آٹا، 4 ٹن چاول، 500 پانی کی بوتلیں، 500 کلو چینی، 2 ٹن دالیں، 54 واٹر کولر، 400 لیٹر گھی، تیل، 200 کلو چائے کی پتی، 200 کلو خشک دودھ، 25 کارٹن دودھ، 500 کلو نمکو بسکٹ کے 34 کارٹن، 220 چادریں، 140 کلو کھجور، ہزاروں روپے کی ادویات، 6 عدد ٹینٹ، چولہے، فیڈر اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء شامل ہیں۔ اس

موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کو عبادت سب سے بڑی عبادت سمجھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں سیلاب، زلزلہ، قحط اور خشک سالی کے حالات ہوں متحدہ قومی موومنٹ کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا آیا ہے اور اس مرتبہ بھی ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے اور بچاؤ کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور اس کے رضا جس طرح سے سرگرم عمل ہیں وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس اور تعلیمات کا ہی نتیجہ ہے۔

## جشن آزادی کے سلسلے میں اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی سیکٹر کے زیر اہتمام دعائیہ تقریب

کراچی۔۔۔14، اگست 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی سیکٹر کے زیرِ اہتمام جشن آزادی کے موقع پر یومِ دعائیہ تقریب منعقد کی گئی۔جس میں ملک بھر میں بھر میں آنیوالے قدرتی سیلاب ریلے میں جاں بحق ہونے افراد کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے جامعہ کراچی ڈین آف آرٹس ڈاکٹر عبدالشہید نعمانی اور پروفیسر ڈاکٹر شکیل اوج نے خصوصی دعائیں کروائیں۔دعائیہ تقریب میں جامعہ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان سمیت طلباء و طالبات اور متعدد اساتذہ اکرام بھی موجود تھے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جامعہ کراچی سیکٹر کے سیکٹر آرگنائزر عبدالوہاب نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں قومی وملی یکجہتی کا درس دیتی ہے اور اس درس کے ذریعے ہمیں سیلاب سے متاثرہ اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کو بھی یاد رکھنا چاہیئے جو مشکل کی اس گھڑی میں جشن آزادی کی خوشیوں سے محروم ہیں ہمیں چاہیئے کہ ہم ان سے اظہارِ یکجہتی کریں انہوں نے مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ قومی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور مظلوم عوام کی مدد کیلئے ہمیشہ کوشاں رہی ہے۔انہوں نے طلبہ و طالبات سے اپیل کی کہ وہ مصیبت کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قائم ہونے والے سیلاب زدگان فنڈز میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں عطیات جمع کرائیں تا کہ متاثرین کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جاسکے۔

☆☆☆☆☆